**UNIVERSITY OF CAMBRIDGE LOCAL EXAMINATIONS SYNDICATE**
**in collaboration with**
**THE MINISTRY OF EDUCATION, SINGAPORE**
**General Certificate of Education Ordinary Level**

# URDU 3196/2

PAPER 2 Language Usage and Comprehension

**OCTOBER/NOVEMBER SESSION 2002**

1 hour 30 minutes

Additional materials:
Answer paper

**TIME** 1 hour 30 minutes

## INSTRUCTIONS TO CANDIDATES

Write your name, Centre number and candidate number in the spaces provided on the answer paper/answer booklet.

Answer **all** questions.

Write your answers on the separate answer paper provided.

If you use more than one sheet of paper, fasten the sheets together.

## INFORMATION FOR CANDIDATES

The number of marks is given in brackets [ ] at the end of each question or part question.

**This question paper consists of 10 printed pages and 2 blank pages.**

SP (CW/KN) S19660/1
© UCLES 2002

## Section A
## حصہ (الف)

**A1 Identification of Prefixes** [10 marks]

لاحقے کی پہچان

نیچے دیئے گئے لفظوں میں سے لاحقے (Suffix) چُن کر (Answer Sheet) میں لکھیے۔

1 گاڑی بان

2 مے کدہ

3 کارگر

4 سبزہ زار

5 پیشہ ور

**A2 Idioms, Proverbs and Words in Pairs** [10 marks]

محاورے، کہاوتیں اور جڑواں الفاظ :

نیچے 6 سے 10 تک جملوں میں خالی جگہ چھوڑ دی گئی ہے۔ ان جملوں کے نیچے کچھ محاورے، کہاوتیں اور جڑواں الفاظ دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک جملے کی خالی جگہ کے لئے صحیح جواب چُن کر اس کا نمبر **Answer Sheet** میں بھریں۔

**6** امتحان میں ناکام ہونے کی خبر سن کر آفاق کا ______________ گیا۔

**7** ان کے سامنے کرکٹ کی بات کرنا ایسا ہی ہے جیسے ______________ ۔

**8** شارق کی شادی کی خبر سن کر سب کا دل خوشی سے ______________ ہو گیا۔

**9** عائشہ کی پرورش نہایت ______________ میں ہوئی ہے۔

**10** وہ اپنی خوش اخلاقی کی وجہ سے ہر ______________ کر لیتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| **(1)** | حال احوال | **(6)** | بھینس کے آگے بین بجانا |
| **(2)** | چہرہ پیلا پڑنا | **(7)** | کام تمام کرنا |
| **(3)** | دودھ کا دودھ پانی کا پانی | **(8)** | عیش و آرام |
| **(4)** | باغ باغ ہونا | **(9)** | انگور کھٹے ہیں |
| **(5)** | آنکھ کا تارا | **(10)** | دل میں گھر کرنا |

## A3 Sentence Transformation [10 marks]

### جملہ بدلنا

نیچے لکھے ہوئے ہر ایک نامکمل جملے کو صحیح لفظوں سے اس طرح پورا کیجئے کہ اس سے پہلے لکھے ہوئے مکمل جملے کا مطلب نہ بدلے۔ Answer Sheet میں صرف جواب لکھیے۔

**11** مجھے آج ایک ضروری کام ہے ورنہ میں بھی آپ کے ساتھ چلتا۔

ایک ضروری کام کی وجہ سے ____________________

**12** میں کئی دنوں سے آپ کا انتظار کر رہا تھا۔

مجھے کئی دنوں سے ____________________

**13** طالب علموں نے تالیاں بجا کر مہمان خصوصی کا استقبال کیا۔

جب مہمان خصوصی آئے تو ____________________

**14** اس نے مجھے بہت سی دعائیں دیں۔

مجھے اس سے ____________________

**15** جب تک تم نہیں آؤ گے میں نہیں جاؤں گا۔

تمہارے آنے کے ____________________

**A4 Cloze Passage** [20 marks]

## کلوز عبارت

**خالی جگہ کو بھرنے کے لئے کچھ الفاظ عبارت کے نیچے دیئے گئے ہیں۔ ہر ایک خالی جگہ کو بھرنے کے لئے ان لفظوں میں سے صحیح لفظ چُن کر اس کا نمبر Answer Sheet میں لکھیں۔**

برطانیہ کے ______ (16) اسکولوں میں اردو پڑھائی جانے لگی ہے جو کہ ہمارے لئے بڑی خوشی کا باعث ہے۔ اکثر والدین اس کے ______ (17) تھے۔ اور اب تو انگریز بچے بھی ہماری قومی ______ (18) سیکھنے کا ______ (19) رکھتے ہیں جو کہ بڑی حوصلہ افزا بات ہے۔

کچھ عرصے سے یہاں ریڈیو کے ساتھ ساتھ ٹی وی پر بھی ______ (20) کے پروگرام کثرت سے ______ (21) کئے جا رہے ہیں اور اب تو پاکستانی ٹی وی چینل پر پاکستان کی ______ (22) اور ڈرامے بھی دیکھنے کو موقع مل جاتا ہے۔ کبھی کبھی خیال آتا ہے ہے کہ وقت کتنی تیزی سے ______ (23) رہا ہے۔ چند سال پہلے کی بات ہے کہ ٹی وی پر ______ (24) میں صرف ایک اردو پروگرام وہ بھی صرف آدھے گھنٹے کے لئے دیکھنے کا ______ (25) ملتا تھا۔ اور اب آپ جب چاہیں اردو پروگرام ٹی وی پر دیکھ سکتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| (1) اکثر | (6) زبان | (11) خبریں |
| (2) درخت | (7) ہفتے | (12) اب |
| (3) خواہش مند | (8) حصے | (13) موقع |
| (4) آرام | (9) شوق | (14) والدین |
| (5) اردو | (10) بدل | (15) پیش |

## Section B

## حصہ (ب)

### نیچے دی گئی عبارت کو غور سے پڑھیئے اور سوالوں کے جواب دیجئے۔

گاؤں انسانی آبادی کا اوّلین گہوارہ ہے۔ پھر جوں جوں آبادیاں بڑھتی گئیں انتقالِ آبادی سے شہر آباد ہوتے رہے۔ دیہات کی سادہ زندگی فطرت کے بہت قریب ہوتی ہے۔ دیہات میں بسنے والے لوگ عموماً سیدھے سادے ہوتے ہیں اور یہی سادہ لوحی بعض اوقات ان کیلئے مشکلات بھی پیدا کر دیتی ہے۔ دیہات میں مقدمہ بازی کی لعنت ان کی اسی سادہ لوحی کا نتیجہ ہے۔ ورنہ یہ لوگ انتہائی نیک دل اور امن پسند ہوتے ہیں۔ یہ ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہوتے ہیں مصیبت کے وقت پورا گاؤں اس حدیث کی تفسیر بن جاتا ہے کہ مسلمان ایک جسم کی مانند ہیں جس کے کسی ایک حصے میں تکلیف ہو تو پورا جسم بیقرار ہو جاتا ہے۔

دیہات میں بڑے بوڑھوں کا بہت احترام کیا جاتا ہے۔ کنبے کے سربراہ کی ہر خواہش خاندان کے تمام افراد کے لئے حکم کی حیثیت رکھتی ہے۔

سادہ زندگی، سادہ ماحول اور سادہ رہن سہن دیہات کی خاص نعمتیں ہیں۔ شہروں میں فطرت کی یہ نعمتیں کہاں میسر ہیں۔ یہاں ہر وقت شور و غل اور افراتفری کا سماں ہوتا ہے۔ شہروں میں زندگی کی پیچیدگیاں زیادہ ہیں۔ شہری لوگ بڑی مصروف زندگی گذارتے ہیں انہیں ایک دوسرے کی خبر نہیں ہوتی۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ شہروں کی زندگی میں خلوص اور محبت نہیں۔ یہاں شہری لوگ بھی آپس میں بہت مخلص ہوتے ہیں، ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہوتے ہیں ہاں البتہ وقت کی کمی ان کے لئے ایک رکاوٹ ضرور ہے۔

**B5 MCQ Comprehension** [14 marks]

## فہم استعداد

عبارت پر مشتمل درج ذیل ہر ایک سوال کے لئے چار چار جواب دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے سب سے صحیح جواب چن کر اس کا نمبر **Answer Sheet** میں لکھیں۔

**26** انسانی آبادی کا آغاز

(1) شہروں سے ہوا تھا
(2) جنگلوں سے ہوا تھا
(3) گاؤں سے ہوا تھا
(4) پہاڑوں سے ہوا تھا

**27** گاؤں میں بسنے والے لوگ

(1) کاروباری مزاج ہوتے ہیں
(2) سادہ مزاج ہوتے ہیں
(3) زیادہ تر تعلیم یافتہ ہوتے ہیں
(4) ملازمت پیشہ ہوتے ہیں

**28** اگر کوئی مشکل آ پڑے تو گاؤں کے لوگ

(1) ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں
(2) ایک دوسرے پر مقدمے کرتے ہیں
(3) آپس میں لڑائی جھگڑا کرتے ہیں
(4) ایک دوسرے کے خلاف سازش کرتے ہیں

**29** گاؤں میں بزرگوں کے ساتھ کیسا سلوک کیا جاتا ہے ؟

(1) ان سے محنت کرائی جاتی ہے
(2) ان کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے
(3) ہر معاملے میں ان سے مشورہ کیا جاتا ہے
(4) انہیں ایک الگ گھر میں رکھا جاتا ہے

30 شہر کی زندگی

(1) بڑی پر سکون ہوتی ہے

(2) بہت مصروف ہوتی ہے

(3) بڑی پریشان کن ہوتی ہے

(4) بے فکری کی زندگی ہوتی ہے

31 شہر کے لوگ

(1) آپس میں روز ملتے ہیں

(2) خوب تقریبات کا انعقاد کرتے ہیں

(3) سال میں ایک دفعہ ملتے ہیں

(4) بہت کم ملتے ہیں

32 شہر کے رہنے والے ایک دوسرے کے ساتھ

(1) خلوص سے ملتے ہیں

(2) خاص تعلق نہیں رکھتے

(3) لڑتے جھگڑتے رہتے ہیں

(4) مقدمے بازی کرتے رہتے ہیں

## Section C
## حصہ (ج)

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیئے اور نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔

دنیا میں لوگوں نے اپنی ضروریات زندگی پوری کرنے کے لئے کئی پیشے اپنا رکھے ہیں۔ مثلاً تجارت، کھیتی باڑی اور نوکری وغیرہ۔ ہر پیشہ اپنے اندر کئی مفادات رکھتا ہے اور ہر انسان ان پیشوں کو اپنی فہم و فراست اور ماحول کے مطابق اپناتا ہے۔ کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ ایسا پیشہ اختیار کیا جائے جو کہ زیادہ سے زیادہ دولت حاصل کرنے کا موجب بنے۔ کچھ لوگ خیال کرتے ہیں کہ پیشہ ایسا ہونا چاہئے کہ جس سے زندگی کی گاڑی چلانے کے ساتھ ملک و قوم کی فلاح بھی ہو سکے۔ دنیا کے عظیم پیشوں میں تجارت بھی ایک باوقار پیشہ ہے۔ اس پیشے سے زندگی کی آسائشوں کے ساتھ ساتھ ملک و قوم کی صحیح خدمت کا موقع بھی ملتا ہے۔

ایمان داری اور دیانت داری تجارت کی جڑ ہیں۔ جس تاجر نے تجارت کرنے میں ان دو باتوں کا خیال نہ کیا اس کا کاروبار اور ناجائز دولت دونوں ہر وقت خطرے میں ہیں۔ تاجر پر نوکری کی طرح ماہوار تنخواہ اور ایک طے شدہ آمدنی کی کوئی پابندی نہیں۔ معاشرے میں ایماندار تاجر کو عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ کیونکہ ایماندار تاجر ملک و قوم کا قیمتی سرمایہ ہوتا ہے۔

لیکن آج تجارت میں جہاں جدید قسم کے طریقے اختیار کئے جا رہے ہیں وہاں دھوکہ بازی اور سمگلنگ کی لعنت بھی اپنے عروج پر پہنچ چکی ہے جس کی وجہ سے خاص طور پر ترقی پذیر ملکوں میں ضروریات زندگی مہنگی اور غیر معیاری ہوتی جا رہی ہیں۔ تجارت کو ان لعنتوں سے پاک ہونا چاہئے۔

## C6 OE Comprehension [36 marks]

فہم استعداد

33 لوگ مختلف پیشے کیوں اپناتے ہیں ؟ دو وجوہات لکھیں

34 تجارت کے کیا فائدے ہیں ؟

35 تجارت میں بے ایمانی کے کیا نقصانات ہیں ؟

36 تاجر اور نوکری پیشہ شخص میں کیا فرق ہے ؟

37 معاشرے میں ایماندار تاجر کا کیا مقام ہے ؟ اور کیوں

38 ترقی پذیر ملکوں پر اسمگلنگ کا کیا اثر ہوتا ہے ؟

## C7 Vocabulary [10 marks]

ذخیرۂ الفاظ : لفظ معنی

اس عبارت میں درج ذیل خط کشیدہ الفاظ آئے ہیں۔ ان کا مطلب لکھیے۔

39 مفادات

40 فہم و فراست

41 فلاح

42 سرمایہ

43 جدید

End of Paper

**BLANK PAGE**

BLANK PAGE